99912-کیا ملازمت کے دوران چاشت کی نماز ادا کی جا سکتی ہے؟

سوال

کیا آفس کے وقت میں چاشت کی نماز ادا کرنا جائز ہے؟ واضح رہے کہ اس نماز کو ادا کرنے سے کوئی کام لیٹ بھی نہیں ہوگا اور نہ ہی کوئی کام رکے گا۔

پسندیدہ جواب

"چاشت کی نماز ادا کرنا سنت ہے، اور یہ بڑی فضیلت والی نماز ہے، اگر آپ ملازم ہیں، اور نماز اشراق ادا کرنے سے آپ کی ملازمت کی ذمہ داریاں متاثر نہیں ہوں گی، تو پھر اس نماز کو ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اگر اس نماز کی ادائیگی سے ملازمت کی ذمہ داریوں پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں تو پھر آپ یہ نماز ادا نہیں کر سکتے؛ کیونکہ اس کی وجہ سے آپ اپنی واجب ذمہ داریوں کو بطریق احسن سر انجام نہیں دے پائیں گے۔"

المنتقى من فتاوى الشيخ صالح الفوزان (167/2)